© rasailojaraid.com



قیمت: مجلد مع گردپوش تین روپے۔

کاروباری دنیا روپے اور منافع کے محور پر گھومنے کی وجہ سے "دل و دماغ" کے لحاظ سے بالعموم دیوالیہ ہی بنتی ہے۔ لیکن شیخ عبدالمالک صاحب نے زبردستی اپنے لئے استثنٰی کا مقام حاصل کر لیا ہے۔ شیخ صاحب کی لکھی ہوئی ایک کتاب پہلے بھی ہمارے سامنے آئی تھی اور اب یہ دوسری فنی تالیف پیش نظر ہے۔ ہمارے ہاں کے ہر سیلزمین کو اس کا مطالعہ کرنا چاہیئے۔ بلکہ شیخ صاحب کا دعویٰ تو یہ ہے کہ ہر شخص سیلزمین ہوتا ہے اور کامیاب زندگی سیلزمین بنے بغیر کسی کے لئے ممکن نہیں۔

یہ بات کچھ اچھی نہیں معلوم ہوئی کہ ایک فنی "تالیف میں" پروپگنڈے" کا عنصر نمایاں طور پر موجود ہے۔

---

## کلمۂ طیبہ کی حقیقت

مؤلفہ: جناب مولانا محمد منظور صاحب نعمانی۔

شائع کردہ: مکتبۂ اسلام، گوئن روڈ، لکھنؤ۔

قیمت: آٹھ آنے

مولانا الیاس مرحوم کی برپا کردہ دینی تحریک کا محور کلمۂ طیبہ ہے۔ اس تحریک کے ایک اہم خادم نے کلمۂ طیبہ کے مفہوم، اس کی شرح اور حقیقت کے بارے میں یہ پمفلٹ علمی انداز سے مرتب فرمایا ہے عبادت و استعانت کے باہم لازم و ملزوم ہونے کی وضاحت بہت مفید ہے۔

البتہ یہ چیز کھٹکتی ہے کہ مولانا کے نزدیک اللہ تعالیٰ کو مالک و حاکم ماننا توحید کا "ثانوی مطالبہ" ہے اور یہ مطالبہ "عبادت و استعانت" سے کچھ الگ سا ہے۔

توحید کے انسانی سیرت پر جو عملی اثرات رونما ہونے چاہئیں ان کو بھی مولانا نے بڑی خوبی سے اجمالاً پیش کر دیا ہے۔

"توحید کامل کے مقام تک پہنچنے کا نصاب یہ تجویز کیا گیا ہے کہ "اسی کلمہ لا الٰہ الا اللہ کے ذکر کی کثرت کی جائے یعنی تسلسل اور تکرار کے ساتھ دل اور زبان ہم آواز ہو کر ادا کریں۔" اور یہ کام کسی صاحب دل شیخ کی تلقین اور نگرانی میں ہونا چاہیئے۔"

© rasailojaraid.com